بسم اللہ الرحمن الرحیم

## درس:۱۷

## حروف طرفیہ اور نطعیہ

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

- اقصی السان سے ادا ہونے والے حروف جن کو حروف لھاتیہ بھی کہا جاتا ہے [ق] اور [ک] ہیں۔
  - قاف کی ادائگی اقصی اللسان سے ہوتی ہے جب تالو کے نرم حصہ سے زبان ٹکرائے۔
  - کاف کی ادائگی اقصی اللسان سے ہوتی ہے جب تالو کے سخت حصہ سے زبان ٹکرائے۔

مخرج لسان سے ادا ہونے والے حروف:

- **حروف طرفیه :ل – ن – ر**

- لام کا تلفظ: جب زبان کا اگلا حصہ ثنایا علیا، رباعیات، انیاب، ضواحک کے مسوڑوں سے ٹکرائے۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

مثال: اَلْ—اُلْ—اِلْ

- نون کا تلفظ: جب زبان کا اگلا حصہ ثنایا علیا، رباعیات، انیاب، کے مسوڑوں سے ٹکرائے۔

مثال: اَنْ—اِنْ—اُنْ

- را کا تلفظ: جب زبان کا اگلا حصہ ثنایا علیا، رباعیات، کے مسوڑوں سے ٹکرائے۔

مثال: اَرْ—اِرْ—اُرْ

- **حروف نطعیه : ت – د – ط**
  - ت – د – ط کو حروف نطعیہ کہتے ہیں کیونکہ یہ حروف دانت کی جڑ، جسے نط کہتے ہیں وہاں زبان لگنے سے ادا کئے جاتے ہیں۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

- تلفظ: جب زبان کی نوک ثنایا علیا کی جڑ (نطع) کے ساتھ ٹکرائے۔

- تاء باریک آواز سے تلفظ ہوتا ہے اور ط بھاری آواز میں ادا ہوگا۔

طَيِّب – فَتوى
طَاب – تَاب
اَطْغی - اَطْراف – اسْتَطَعْتُم – لِلطَّاغِينَ - طَبقاً

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

س – ز – ص

- [س-ز-ص] کا مخرج:
  - جب زبان کی نوک کا اوپر والا حصہ ثنایا علیا کے کناروں سے لگے اور زبان کی نوک ثنایا سفلیٰ کے کنارے سے لگے۔

اَس–اَز–اَص

  - اہم نکتہ: صفت صفیر یہ ان تینوں حروف کے تلفظ میں مشترک ہے۔ یہ صفت حرف شین میں بھی پائی جاتی ہے۔
  - صفت صفیر یہ کا مطلب ہے کہ جب ان حروف کو ادا کیا جائے تو سیٹی کی آواز نکلے، یہ آواز [س] اور [ص] میں زیادہ واضح ہوتی ہے۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv